© rasailojaraid.com

نتوئی کا نام نہیں دیا گیا سوائے ایک مقام کے"

ڈاکٹر اوج نے "خواجہ غلام فرید کے مذہبی افکار" کو 12 ابواب میں تقسیم کیا ہے، جو اس طرح ہیں:

"باب 1: توحید، اقسام توحید، اسماء وصفات۔ باب 2: تجرد واشتغال۔ باب 3: تقرب الی اللہ اور وسائط۔ باب 4: مذہب سابقہ اور ان کے اثر و آثار۔ باب 5: الصلوٰۃ (نماز)۔ باب 6: علامات و آثار اسلاف مسلمین۔ باب 7: مذہبیات و عقائد۔ باب 8: مسائل فقہ۔ باب 9: فضائل و خوارق اولیاء۔ باب 10: روح اور تناسخ وغیرہ۔ باب 11: سماع (قوالی)۔ باب 12: متفرق مسائل۔

ڈاکٹر اوج نے زیر نظر کتاب کو اپنے جواں سال مرحوم بیٹے محمد ریحان کے نام منسوب کیا۔ تین سال قبل ریحان کی وفات پر صاحب اولاد کے لیے بڑا صدمہ تھی۔

کتاب طباعت کی جملہ خصوصیات سے مزین ہے۔ مجلس التفسیر جامعہ کراچی سے مبلغ 300 روپے کے عوض حاصل کی جاسکتی ہے۔

آخر میں کتاب کے سرسری مطالعے کے بعد کہہ سکتا ہوں کہ مصنف نے اپنی محنت، صلاحیت ولیاقت سے خواجہ فرید کے ملفوظ کو پیش کیا ہے، اس پر وہ یقیناً اہل علم کی جانب سے داد و تحسین کے مستحق ہیں۔

پروفیسر محمد شکیل صدیقی

تبصرہ کتب

## تعبیرات

### چوہدری عبدالحمید

اسٹاف آفیسر ٹو چیف جسٹس آف پاکستان، ۲۶، جولائی ۲۰۱۳ء

محترم پروفیسر صاحب، السلام علیکم!

آپ کی کتاب "تعبیرات" محترم چیف جسٹس آف پاکستان جناب جسٹس افتخار محمد چوہدری صاحب کو موصول ہوچکی ہے۔ جس کیلئے وہ آپ کے تہہ دل سے مشکور ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی کاوش کو قبولیت وثمرات سے بہرہ ور فرمائے اور اسے زیادہ سے زیادہ لوگوں کیلئے رہنمائی کا ذریعہ بنائے اور ان کیلئے دین فہمی میں معاون ومددگار ہو۔

اس موقع پر جناب چیف جسٹس صاحب آپ کیلئے نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔

آپ کا خیر اندیش

(چوہدری عبدالحمید)



© rasailojaraid.com